فوری ریلیز کے لیے: 2023/30/8 **گورنر *KATHY HOCHUL***

سمندری طوفان فرینکلن کے وسیع اثرات کے نیو یارک پہنچنے پر، گورنر HOCHUL کی ریاستی پارکوں کو لانگ آئی لینڈ کے خطرناک حالات کا سامنا کرتے ہوئے سمندری ساحلوں پر تیراکی بند کرنے کی ہدایت

رابرٹ موسز، ہیدر ہلز اور جونز بیچ سٹیٹ پارکس کے ساحلوں کو سیلاب اور ناموافق صورتحال کا سامنا ہے

نیو یارک کے مکینوں کو NY-Alert کے ذریعے بروقت ہنگامی انتباہات کے لیے سائن اپ کرنے کی ترغیب دی گئی تاکہ سمندری طوفان کے موسم کے دوران بروقت موسمی اور ہنگامی انتباہات موصول ہو سکیں

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاستی پارکوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ سمندری طوفان فرینکلن کے نتیجے میں سیلاب اور سرفنگ کرنے کی ناموافق صورتحال کے سبب لانگ آئی لینڈ کے سمندری ساحلوں پر تیراکی کو معطل کر دیں۔

گورنر Hochul نے کہا، "جیسے ہی چوٹی کے سمندری طوفانوں کا موسم قریب آتا ہے، نیو یارک کے تمام شہریوں کی حفاظت میری اولین ترجیح بن جاتی ہے۔ لانگ آئی لینڈ پر ہمارے ساحلوں کے حاری طوفانوں اور سمندری طوفانوں سے متاثر ہونے کے ساتھ، ہم نیو یارک کے مکینوں کی حفاظت کے لیے مستعدی سے اقدامات کر رہے ہیں، اور میں ہر ایک کو چوکس رہنے کی تاکید کرتی ہوں"۔

پابندیوں کا رابرٹ موسز، ہیدر ہلز اور جونز بیچ سٹیٹ پارکس میں اس وقت تک نافذ رہنا متوقع ہے جب تک منفی حالات برقرار رہیں۔ تینوں سمندری ساحلوں پر آج پانی کی سطح میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، بشمول جونز بیچ بیچ فرنٹ اور رابرٹ موسز اور ہیدر ہلز کے ناقابلِ گزر علاقوں میں سیلاب۔

ان تینوں ریاستی پارکوں نے ساحل سمندر پر سرخ جھنڈے لگا کر آنے والوں کو خبردار کیا کہ تیراکی ممنوع ہے۔ لائف گارڈز ڈیوٹی فرائض انجام دے رہے ہیں تاکہ کسی کو بھی پانی میں داخل ہونے سے روکا جا سکے۔ لانگ آئی لینڈ ساؤنڈ پر سنکن میڈو اور وائلڈ ووڈ سٹیٹ پارکس میں تیراکی دستیاب ہے، جہاں طوفان کے خطرناک اثرات کا سامنا نہیں ہے۔ ریاست نیو یارک کا دفتر برائے پارکس، تفریح و تحفظِ تاریخ ریاستی پارکوں میں حالات کی نگرانی جاری رکھے گا۔

نیو یارک سٹیٹ پارکس کے کمشنر Erik Kulleseid نے کہا، "اگرچہ وہ بہت دور بھی ہوں، تو سمندری طوفان اور حاری طوفان طاقتور واقعات ہیں جو ہمارے تیراکی کے ساحلوں پر خطرناک اور غیر متوقع حالات کا باعث بنتے ہیں۔ پارک میں آنے والے تمام افراد سے ہماری گزارش ہے کہ وہ ان واقعات کو سنجیدگی سے لیں اور اپنے لائف گارڈز اور پارک کے عملے کی تمام ہدایات پر عمل کریں"۔

جبکہ بحر اوقیانوس کے سمندری طوفان کا موسم جون میں شروع ہوا، ریاست نیو یارک کو متاثر کرنے والے حاری طوفانوں کا خطرہ روایتی طور پر ستمبر اور اکتوبر کے مہینوں میں سب سے زیادہ ہوتا ہے۔ قومی محکمۂ ساحلات و ماحولیات (National Oceanic and Atmospheric Administration, NOAA) نے حال ہی میں سنہ 2023 کے بحر اوقیانوس کی سمندری طوفانوں کی رُت کے لیے اپنی پیشین گوئی میں اضافہ کیا ہے، جو سرگرمی کی "تقریباً

معمول پر" سطح سے سرگرمی کی "معمول سے زیادہ" سطح پر چلی گئی ہے۔ اگست تک، NOAA کے پیشین گوئی کرنے والوں نے سنہ 2023 کے بحرِ اوقیانوس کی سمندری طوفانوں کی رُت کے دوران کل 14 تا 21 نام دیئے گئے طوفانوں کی پیشین گوئی کی تھی۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418